۹۲۸/۶/۲۹
۷/ ۷ ھ
۲۸/ ۴۱۱-۴۱۳

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں

(۱) آجکل جو کاشتکاری کی جاتی ہے اسمیں فصل کے اخراجات کے علاوہ اور بہت سے دیگر اخراجات ہوتے ہیں مثلاً (بارش کے پانی کے علاوہ بلکہ نہر کے پانی کے علاوہ) پانی قیمتاً خریدنا پڑتا ہے۔ پھر کھاد ڈالنا۔ پھر ٹریکٹر وغیرہ کا خرچہ۔ پھر کٹوائی کا پھر تھریشر کا، پھر منڈی پہنچوانے کا خرچہ۔ الغرض یہ سمجھ لیجئے کہ اگر اس کی کل حاصل شدہ فصل ۴ لاکھ کی ہوئی تو اس پر ہونے والے اخراجات ۲ لاکھ کے لگ بھگ ہو گئے۔
تو اس صورت میں عشر ۴ لاکھ کی فصل دے گا یا اخراجات کو منہا کر کے بقیہ حاصل شدہ فصل دے گا؟ اور کتنا ہو گا؟

(۲) مشہور ہے کہ کسی معاملے میں کسی کی توجہ مطلوب ہو تو کہا جاتا ہے کہ اس کو ایصال کا ہدیہ کرو اس سے اس کا دل نرم ہو جائیگا۔ یہ کیسا ہے؟ کیا زندوں کو ایصال کا ہدیہ کرنا معتبر ہے؟

(۳) حافظ کے والدین کو اعزازاً تاج پہنایا جائیگا۔ ولد الزنا حافظ کے کون سے والدین کو تاج پہنایا جائیگا؟ درس کرنے والے یا جننے والے۔

المستفتی
محمد ارشد ڈسکوی
بواسطہ مطیع اللہ
۲۴ جمادی الاخری ۱۴۲۸ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

۱۔ واضح رہے کہ کاشتکاری میں جتنی فصل حاصل ہو جائے سب میں عشر ادا کرنا پڑے گا۔ کٹائی، ٹریکٹر یا تھریشر وغیرہ کے اخراجات منہا نہیں کریں گے۔
صورت مسئولہ میں اگر حاصل شدہ فصل چار (۴) لاکھ کی ہوئی تو سب میں عشر ادا کرنا پڑے گا۔

۲، ۳۔ ایسے سوالات کا جواب دار الافتاء سے نہیں دیا جاتا ہے۔

(جاری ہے)-

Scanned by CamScanner

١ـ "وكل شيء أخرجته الأرض مما فيه العشر لا يحتسب فيه اجر العمال ونفقة البقر، لأن النبي عليه السلام حكم بتفاوت الواجب لتفاوت المؤنة فلا معنى لرفعها."

(الهداية، الزكاة، باب زكاة الزروع والثمار، ١/٢٠٣، ط: شركت علميه).

٢ـ " (ويجب نصفه في مسقي غرب ودالية بلا رفع مؤن الزرع) وبلا إخراج البذر لتصريحهم بالعشر في كل الخارج."

"قوله: (بلا رفع مؤن) أي يجب العشر في الأول ونصفه في الثاني بلا رفع أجرة العمال ونفقة البقر وكرى الأنهار وأجرة الحافظ ونحو ذلك."

(الشامية، الزكاة، باب العشر، ٢/٣٢٧، ط: حقانيه). فقط.

والله أعلم بالصواب.

كتبه: ضياء الدين،

المتخصص في الفقه الإسلامي،

بالجامعة الفاروقية بكراتشي.

٩ / ٧ / ٢٨ ھ

الجواب صحيح

الجواب صحيح

١٣ / ٧ / ٢٨ ھ

جامعة فاروقية — دار الإفتاء — شاه فيصل كالوني ... كراچي (پاکستان)